فضائل

سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

عنوانات

مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

عنوانات

عنوانات

مجلسِ تحقیقات جماعتِ حیدرِ کرار

مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

حدیث نمبر 2

رضاعی بھائی

حضرت سیدنا امیرِ حمزہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم عمر تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی بھی تھے۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4877)

3
حدیث نمبر

قبل از اسلام حمایتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک مرتبہ آپؑ شکار سے لوٹے تو اطلاع ملی کہ ابو جہل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ناروا سلوک کیا ہے یہ سنتے ہی جوشِ غضب میں حرمِ کعبہ میں جا پہنچے اور ابو جہل کے سر پر ضرب لگائی کہ اس کا سر پھٹ گیا۔

(الطبرانی فی المعجم الکبیر، ج 3، ص 140، حدیث 2926)

4
حدیث نمبر

قبولِ اسلام

جب ابو جہل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حرمِ کعبہ میں ناروا سلوک کیا اور برا بھلا کہا تو حضرت امیرِ حمزہ رضی اللہ عنہ نے اسے مارا اور وہیں اعلانیہ اسلام قبول کیا۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4878)

حدیث نمبر 5

شعب ابی طالب میں محصوری

شعب ابی طالب

میں حضرت امیرِ حمزہ رضی اللہ عنہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دوسرے مسلمانوں کے ساتھ جاں گداز مصائب و آلام جھیلتے رہے۔

(ابن کثیر فی البدایة والنہایة، ج3، ص110)

6
حدیث نمبر
چچاؤں میں سب سے بہتر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے تھے کہ
میرے چچاؤں میں سب سے بہتر حمزہ بن عبدالمطلب ہیں۔
(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 1839)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محبوب نام
7
حدیث نمبر
ایک آدمی کے گھر بچہ پیدا ہوا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا
اس بچے کا نام کیا رکھا جائے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
اس کا وہ نام رکھو جو مجھے سب سے زیادہ اچھا لگتا ہے: حمزہ
(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4888)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

8
حدیث نمبر

جبرئیل اِمین کی اصل شکل میں زیارت کی

امیر حمزہؓ نے جبرئیل امینؑ کو اصل شکل میں دیکھنے کی درخواست کی تو رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا لیکن ان کے اصرار کرنے پر فرمایا: یہاں پر ٹھہریے، جب جبرئیلؑ کعبہ پر اترے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چچا جان نگاہ اٹھائیے اور دیکھئے، آپؓ نے جونہی نگاہ اٹھائی تو دیکھا کہ جبرئیلؑ کے دونوں پاؤں سبز زبرجد کے ہیں بس اتنا ہی دیکھ پائے اور تاب نہ لا کر بیہوش ہو گئے۔

(محمد بن سعد فی الطبقات الکبیر، ج 3، ص 11)

حدیث نمبر 9

سریۂ حمزیہ

آپؓ نے رمضان 1 ہجری میں 30 سواروں کی قیادت کرتے ہوئے اسلامی لشکر کا عَلم سنبھالا ، اگرچہ لڑائی کی نوبت نہ آئی لیکن تاریخ میں اسے **سریۂ حمزہؓ** کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(ابن سعد فی الطبقات الکبیر، ج 3، ص 6)

مجلسِ تحقیقات جماعتِ حیدر کرار

11
حدیث نمبر

دو تلواروں کے ساتھ لڑتے

حضرت امیر حمزہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے دو تلواروں کے ساتھ لڑائی کیا کرتے تھے۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4875)

بدر میں شرکت اور نشانی

12
حدیث نمبر

سیدنا امیر حمزہؓ نے غزوہ بدر میں شرکت فرمائی

آپ نے شتر مرغ کے پر کی نشانی لگا رکھی تھی۔

(الطبرانی فی المعجم الکبیر، ج 3، ص 150، رقم 295)

13
حدیث نمبر
جنگ بدر میں بہادری
حضرت سیدنا امیر حمزہؓ
نے جنگ بدر میں کفار کے سرغنہ عتبہ کو قتل کیا۔
(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم4882)
مجلسِ تحقیقات جماعتِ حیدر کرار

14
حدیث نمبر
سردارانِ قریش کا قتل
حضرت سیدنا امیرِ حمزہ رضی اللہ عنہ
نے جنگِ بدر میں مشرکین کے سورماؤں کو جہنم واصل کیا۔
(الطبرانی فی المعجم الکبیر، ج 3، ص 150، رقم 295)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

جذبۂ حضرت حمزہ

حدیث نمبر 15

غزوہ اُحد کے دن حضرت حمزہؓ نے فرمایا:
اللہ کی قسم! جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کتاب نازل فرمائی کہ میں آج اس وقت تک کھانا نہیں کھاؤں گا جب تک مدینے سے باہر نکل کر میں ان کفار سے نبرد آزمانہ ہو جاؤں۔

(محم بن احمد باشمیل فی کتاب من معارک الاسلام الفاصلة موسوعة الغزوات الکبریٰ، ج 2، ص 67)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں میں نے دیکھا ہے کہ میں ایک مینڈھے کا پیچھا کر رہا ہوں اور میری تلوار کا کنارہ ٹوٹ گیا ہے۔ میں نے اس کی تعبیر یہ کی ہے کہ میں قوم کے مینڈھے (لشکر کے سپہ سالار) کو قتل کروں گا اور تلوار کا کنارہ ٹوٹنے کی تعبیر یہ ہے کہ میرے خاندان کا کوئی آدمی ہے (جو شہید ہوگا) چنانچہ حضرت امیر حمزہ ؓ شہید ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طلحہ کو قتل کیا یہ مشرکین کا علمبردار تھا۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4896)

17
حدیث نمبر

انوکھی شہادت

جب حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ شہید ہوگئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیری طرح کوئی شہید نہیں ہوگا۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4881)

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4894)

مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

19
حدیث نمبر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شہادت پر غمناک ہونا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ احد سے لوٹے تو بنی عبد الاشمل کی
عورتوں کو اپنے شہداء پر روتے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔
کیا حمزہ رضی اللہ عنہ پر رونے والی کوئی خاتون نہیں ہے؟۔
(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4891)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

حدیث نمبر 21

آپ کی شان میں قرآن کی آیت نازل ہوئی

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے ارشاد فرمایا۔ یہ آیت کریمہ

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ

سیدنا امیر حمزہؓ اور آپؓ کے ساتھ شہید ہونے والے حضرات کی شان میں نازل ہوئی۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الحج، رقم 3457)

مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

23
حدیث نمبر

گریہ کرنے سے نسلوں کی بخشش

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حمزہؓ پر رونے والی کوئی عورت نہیں؟ پھر انصار کی عورتیں آئیں اور حضرت حمزہؓ پر روتی رہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان رونے والیوں کے لیے دعا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ تم سے اور تمہاری اولاد سے اور اولاد کی اولاد سے راضی ہو۔

(محدثِ دہلوی فی مدارج النبوۃ، ج2، ص132)

حدیث نمبر 24

شہادت کے بعد رسول اللہ ﷺ کا یاد کرنا

سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت پر نبی کریم ﷺ اشک بار تھے اور آپ ﷺ یہ فرماتے جاتے:

اے حمزہ رضی اللہ عنہ! اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا، اے رسول اکرم ﷺ کے شیر! اے حمزہ رضی اللہ عنہ! اے نیکیوں کو انجام دینے والے! اے حمزہ رضی اللہ عنہ! اے مصیبتوں کو دور کرنے والے! اے حمزہ رضی اللہ عنہ! اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے دفاع کرنے والے۔

(محب الدین الطبری فی ذخائر العقبی، ص 306)

25
حدیث نمبر

جسدِ اطہر کا مثلہ کیا گیا

ہند نے سیدنا امیر حمزہ کا جگر چاک کیا اور اسے چبایہ
مگر اسے نگلنے کی قدرت نہ ہوسکی اور چبا کے پھینک دیا۔

(القسطلانی فی المواهب اللدنیه، ج 1، ص 405)

مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

27
حدیث نمبر
غسیل الملائکة
حضرت سیدنا حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ
جب شہید ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے
بارے میں فرمایا کہ ان کو فرشتوں نے غسل دیا۔
(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4885)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

حدیث نمبر 28

جنازے کا اعزاز

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شہدائے احد کو ایک قبر میں دو آدمیوں کو دفن کرتے تھے۔ حضرت حمزہ رض کی میت دھری رہتی اور دوسرے حضرات کے جنازے لائے جاتے تو جتنی بار دوسروں کی نماز جنازہ پڑھی جاتی حضرت حمزہ رض کی بھی ساتھ نماز جنازہ پڑھی جاتی تھی۔

(ابن حجر العسقلانی فی الاصابة، ج 2، تحت حرف الحاء، حمزہ بن عبد المطلب، ص 106)

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4892)

مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

قتل بزبانِ قاتل

وحشی نے بیان کیا کہ ادھر (جنگ احد میں) میں ایک چٹان کے نیچے حمزہ کی تاک میں تھا اور جوں ہی وہ مجھ سے قریب ہوئے، میں نے ان پر اپنا چھوٹا نیزہ پھینک کر مارا، نیزہ ان کی ناف کے نیچے جا کر لگا اور ان کی سرین کے پار ہو گیا، اور یہی ان کی شہادت کا باعث بنا۔

(الامام البخاری فی الجامع الصحیح، کتاب المغازی، باب قتل حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4072)

31
حدیث نمبر

امیر حمزہ کا قاتل وحشی

(سیدنا امیر حمزہؓ کے قاتل وحشی نے بیان کیا) جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچا اور آپ نے مجھے دیکھا تو دریافت فرمایا، کیا تمہارا ہی نام وحشی ہے میں نے عرض کیا کہ جی ہاں آپ نے فرمایا: کیا تم ہی نے حمزہؓ کو قتل کیا تھا میں نے عرض کیا، جو حضور کو اس معاملے میں معلوم ہے وہی صحیح ہے ۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا تم ایسا کرسکتے ہو کہ اپنی صورت مجھے کبھی نہ دکھاؤ؟ وحشی نے بیان کیا کہ پھر میں وہاں سے نکل گیا

(الامام البخاری فی الجامع الصحیح، کتاب المغازی، باب قتل حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4072)

قاتل حمزہ مجھے کبھی اپنی صورت نہ دکھانا

حدیث نمبر 32

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدنا امیر حمزہ کے قاتل وحشی کو فرمایا:
کیا تم ایسا کر سکتے ہو کہ اپنی صورت مجھے کبھی نہ دکھاؤ؟
اس (وحشی) نے بیان کیا کہ پھر میں وہاں سے نکل گیا۔

(الامام البخاری فی الجامع الصحیح، کتاب المغازی، باب قتل حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4072)

33
حدیث نمبر

قاتل حمزہ کو سزا

حضرت امیرِ حمزہ کا قاتل وحشی قبولِ اسلام کے بعد بھی شراب پیتا تھا اور اسے اس کی سزا میں کوڑے مارے جاتے تھے اور صحابہ کرام اسے قتلِ حمزہ کی سزا اور وبال قرار دیا کرتے تھے۔

(ابنِ کثیر فی البدایہ والنہایۃ، ج 4، ص 22)

34
حدیث نمبر
سیدہ فاطمہؓ کا قبرِ انور پر حاضر ہونا
حضرت سیدہ فاطمہ عموماً نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ بن عبد المطلبؓ کی قبر کی زیارت کے لیے جایا کرتی تھیں ان کی قبر کے پاس نماز بھی پڑھتی تھیں اور بہت رویا کرتی تھیں۔
(الحاکم فی المستدرک، کتاب المغازی والسرایا، رقم 4319)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

خاتونِ جنت حضرت سیدہ فاطمہ ؓ نے سید الشہداء امیرِ حمزہ ؓ کی قبرِ انور پر ایک جھنڈا بطور علامت اور پہچان کے لئے نصب فرمایا۔

(ابی بکر عبدالرزاق فی المصنف، ج 3، ص 574، رقم 6717)

36
حدیث نمبر

سیدنا امیرِ حمزہؓ جنت میں تخت نشین

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں گزشتہ رات جنت میں گیا وہاں پر حضرت جعفرؓ پرندوں کے ہمراہ اُڑ رہے تھے اور حضرت حمزہؓ ایک تخت پر ٹیک لگائے بیٹھے تھے۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4890)

37
حدیث نمبر

لقب اسد اللہ

حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ غزوہ احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے جہاد کر رہے تھے اور ساتھ ساتھ یہ کہہ رہے تھے" میں اللہ کا شیر ہوں"۔

(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبدالمطلب، رقم 4880)

مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

40
حدیث نمبر
لقب سید الشہداء
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تمام شہیدوں کے سردار ہیں۔
(الحاکم فی المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب حمزہ بن عبد المطلب، رقم 4894)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار